# جماعت احمدیہ گھانا کے 86ویں جلسہ سالانہ 2018ء کے موقع پر

# حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا خصوصی پیغام

افتتاحی اجلاس ایک خاص اہمیت کا حامل تھا کیونکہ اس میں سب سے اوّل سیّدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ کا جماعت احمدیہ گھانا کے نام محبت بھرا بابرکت اور نصائح سے پُر پیغام پڑھ کر سنایا گیا۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کے انگریزی پیغام کا اردو خلاصہ درج ذیل ہے۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ مجھے اس بات کی خوشی ہے کہ آپ اپنا 86 واں جلسہ سالانہ مؤرخہ 4 تا 6 جنوری 2018ء منعقد کر رہے ہیں۔ میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہر لحاظ سے آپ کے جلسہ کے انعقاد کو کامیاب و بابرکت فرمائے، شاملین جلسہ اس منفرد مذہبی اجتماع سے بے انتہا روحانی فوائد حاصل کرنے والے ہوں اور احباب جماعت گھانا مسلسل نیکیوں، پاکدامنی اور تقویٰ میں ترقی کرتے چلے جائیں۔

آپ کو ہمیشہ یہ امر ذہن میں رکھنا چاہئے کہ جماعت احمدیہ کا جلسہ سالانہ کوئی عام دنیوی تقریب یا میلہ نہیں بلکہ اس کا اصل مقصد یہ ہے کہ احباب جماعت قرب الٰہی حاصل کریں، مذہبی علم اور معرفت میں ترقی کریں، اپنے اندر پاکیزہ تبدیلی لائیں جو ہماری روز مرہ زندگی کے معاملات کا حصّہ بن جائے تا اپنے آپ کو اس دنیا کی آلائشوں سے بچانے والے بنیں، اپنوں اور دوسروں کے لئے بھی ہمدردی، باہمی محبت اور بھائی چارہ میں ترقی کریں تا کہ اعلیٰ مقصد کے حصول کے لئے اپنی تمام تر صلاحیتوں کے ساتھ کوشش کرنے والے بنیں اور وعدہ کریں کہ اسلام کے پُرامن پیغام کو دنیا کے کناروں تک پہنچانے والے ہوں گے۔

تمام سکالرز کی تقاریر کو توجہ سے سنیں اور ان تقاریر میں جو نیکی اور روحانی نکات ہیں ان سے فائدہ اٹھائیں۔ مقررین بہت محنت کے ساتھ اپنی تقاریر تیار کرتے ہیں اس لئے ہمیں انہیں پوری توجہ سے سننا چاہئے اور چاہئے کہ پورے اخلاص اور توجہ سے جلسہ میں شامل ہوں اور جو سیکھیں اس پر عمل کرنے والے ہوں۔

اللہ تعالیٰ کا ہم پر بہت بڑا احسان ہے کہ ہمارے علماء قرآن کریم کی تعلیمات، احادیث اور سیّدنا حضرت مسیح موعودؑ کی تحریرات سے استفادہ کرتے اور ہم تک اس علم کو پہنچاتے ہیں۔ جو ہم سیکھتے ہیں اگر اس پر پوری طرح عمل پیرا ہوں تو ایک بڑی روحانی تبدیلی ہمارے اندر پیدا ہوسکتی ہے۔ اللہ تعالیٰ تمام حاضرین کو جلسہ کے مقاصد پورا کرنے والا بنائے۔

مَیں آپ کو نصیحت کرتا ہوں کہ تمام شرائط بیعت پر عمل پیرا ہونے کی پوری کوشش کریں اور خلافت احمدیہ کے الٰہی سلسلہ کے استحکام کے لئے کوشاں رہیں۔ یہ بات یاد رکھیں کہ جماعت کی ترقی، اسلام کے پھیلاؤ اور امن عالم کا قیام بنیادی طور پر نظام خلافت سے وابستہ ہے۔ اس لئے میں آپ تمام احباب جماعت احمدیہ گھانا کو تلقین کرتا ہوں کہ ہمیشہ خلافت سے پوری طرح اخلاص و وفا کا تعلق رکھیں۔

احمدی مسلم اور مسیح موعودؑ کی جماعت کا فرد ہونے کی حیثیت سے آپ پر لازم ہے کہ اپنے قول و فعل میں مثالی بنیں۔ خاص طور پر دوسروں کا خیال رکھنے اور نرمی کا برتاؤ کرنے والے بنیں اور اس سے بڑھ کر یہ کہ آپ ملک کی محبت کے اظہار میں ایک مثالی شہری کا نمونہ پیش کریں کیونکہ ہمارے نبی کریم ﷺ نے ہمیں یہ تعلیم دی ہے کہ وطن کی محبت ہمارے ایمان کا لازمی حصّہ ہے۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے احباب جماعت کو اپنے اہل و عیال کے ساتھ اپنے خطبات جمعہ و خطابات براہ راست سننے اور ایم ٹی اے کے دوسرے پروگرامز کو باقاعدہ دیکھنے کی نصیحت فرمائی اور اسی طرح دیگر اہم تقریبات پر کی جانے والی تقاریر بھی سننے کی تلقین فرمائی۔ نیز فرمایا کہ آپ کو اب ایم ٹی اے افریقہ جو افریقہ میں قائم کیا گیا ہے کی نعمت میسّر ہے اس لئے ایم ٹی اے دیکھنے کی عادت ڈالنی چاہئے اور اپنے اہل و عیال کو بھی اس کی طرف خصوصی توجہ دلانی چاہئے تا کہ ایم ٹی اے پر دکھائے جانے والے معیاری پروگراموں کو دیکھ کر اسلام کی خوبصورت تعلیم اور جماعت احمدیہ کی سچائی سے فائدہ اٹھا سکیں۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے احباب جماعت کو تبلیغ میں فعّال ہونے اور اسلام احمدیت کا پیغام نہ صرف گھانا یا برّاعظم افریقہ بلکہ تمام دنیا تک پہنچانے کے لئے خصوصی مساعی کرنے کا ارشاد فرمایا۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے اپنے محبت بھرے پیغام کے آخر پر دعا کی کہ اللہ تعالیٰ آپ کے جلسہ سالانہ کو ہر لحاظ سے کامیاب فرمائے اور شاملین کو تقویٰ اور روحانیت میں بڑھائے اور اپنی حقیقی اصلاح کرتے ہوئے اپنے اندر نیک اور پاک تبدیلی پیدا کرتے ہوئے اپنی قوم اور انسانیت کی خدمت کے لئے قابل تحسین کام کرنے کی توفیق ملے۔ اللہ تعالیٰ ہمیشہ آپ کو اپنے فضلوں سے نوازے۔ آمین۔